سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا وہ خاتون ہیں جن کی حیا کی مثالیں تاریخ اسلام کا حصہ ہیں۔ یہ شیعہ بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا پر ایک الزام یہ لگاتے ہیں کہ وہ باغ فدک کے حوالے سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس خود گئیں ۔اور بخاری شریف کی روایت پر الزام لگاتے ہیں۔ بخاری شریف کی روایت میں مال فے کی جائیداد کے مسئلے پر بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہ نے کسی شخص کو بھیجا حدیث ملاحظہ کیجیئے۔ اور شیعت کے دجل سے ہوشیار رہیئے۔

٣٧١١- حدثنا أبو اليمان حدثنا شعيب عن الزهري قال: حدثني عروة بن الزبير عن عائشة رضي الله عنها أن فاطمة عليها السلام أرسلت إلى أبي بكر تسأله ميراثها من النبي ﷺ فيما أفاء الله على رسوله ﷺ فطلبت صدقة النبي ﷺ التي بالمدينة وفدك وما بقي من خمس خيبر». [راجع: ٣٠٩٢]

(۳۷۱۱) ہم سے ابو الیمان نے بیان کیا کہا ہم کو شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا کہا ہم سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا اور ان سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں اپنا آدمی بھیج کر نبی کریم ﷺ سے ملنے والی میراث کا مطالبہ کیا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو فے کی صورت میں دی تھی۔ یعنی آپ کا مطالبہ مدینہ کی اس جائداد کے بارے میں تھا جس کی آمدنی سے آنحضرت ﷺ مصارف خیر میں خرچ کرتے تھے اور اسی طرح فدک کی جائداد اور خیبر کے خمس کا بھی مطالبہ کیا۔

visit 👉 www.sunnilibrary.com

صحیح بخاری

جلد پنجم

امیر المؤمنین فی الحدیث سید الفقہاء

حضرت الامام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

تسہیل و تشریح

حضرت مولانا محمد داؤد راز رحمۃ اللہ علیہ

نظر ثانی

حضرت العلامہ مولانا عبدالسلام بستوی رحمۃ اللہ علیہ — حضرت مولانا ابو محمد عبدالحق اسلامی رحمۃ اللہ علیہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

شیعوں کا دجل بے نقاب۔

شیعہ کہتے ہیں کہ بی بی فاطمہ خود باغ فدک پر بات کرنے خود گئیں تھیں ۔اور بخاری شریف کا حوالہ لگاتے ہیں کہ یہ دیکھیں بی بی کو حق نہیں دیا گیا۔بخاری شریف کی حدیث پڑھیں جہاں لکھا ہوا ہے کہ انہوں نے کسی کو بھیجا تھا۔ خود سے نہیں گئی تھیں۔

قلت بالسم لهم کے آگے یہ الفاظ اور ہیں قال ابو عبداللہ الحق قسم ثبیل امام بخاری نے کہا صحیح بخاری کو کہتے ہیں۔ یہ تفسیر اسی نسخہ کی بنا پر ہے' جن میں ابھائے رسم خط کے رسم خط ہے۔

٤٢٣٩- حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا عمرو بن يحيى بن سعيد بن عمرو بن سعيد أخبرني جدي أن أبان بن سعيد أقبل إلى النبي ﷺ فسلم عليه فقال أبو هريرة: يا رسول الله هذا قاتل ابن قوقل وقال أبان لأبي هريرة: واعجبا لك وبر تعادا بن لؤم ضأن بالمدينة فعي إذ أكرمك الله بيدي ولم يهني بيده.

[راجع: ٢٨٢٧]

(۴۲۳۹) ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے بیان کیا کہا ہم سے عمرو بن یحییٰ بن سعید نے بیان کیا کہا کہ مجھے میرے دادا نے خبر دی اور انہیں ابان بن سعید رائٹر نے کہ وہ بھی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کیا۔ ابوہریرہ رائٹر بولے کہ یا رسول اللہ! یہ تو ابن قوقل کا قاتل ہے اور ابان رائٹر نے ابوہریرہ رائٹر سے کہا حیرت ہے اس وبر پر جو قدوم الضان سے ابھی اترا ہے اور مجھ پر عیب لگاتا ہے ایک ایسے شخص پر کہ جس کے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں (ابن قوقل رائٹر کو) عزت دی اور ایسا نہ ہونے دیا کہ ان کے ہاتھ سے مجھے ذلیل کرتا۔

حضرت ابان بن سعید رائٹر کے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ میں نے ابن قوقل رائٹر کو اگر شہید کیا تو وہ میرے کفر کا زمانہ تھا اور شہادت سے اللہ کی بارگاہ میں عزت حاصل ہوتی ہے تو میرے ہاتھوں انہیں حاصل ہوئی۔ دوسری طرف اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فضل ہوا کہ کفر کی حالت میں ان کے ہاتھ سے مجھے قتل نہیں کروایا جو میری اخروی ذلت کا سبب بنتا اور اب میں مسلمان ہوں اور اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں۔ لہٰذا اب ایسی باتوں کا ذکر کرنا بجا ہے۔ آنحضرت ﷺ حضرت ابان رائٹر کے اس بیان کو سن کر خاموش ہو گئے۔

٤٢٤٠،٤٢٤١- حدثنا يحيى بن بكير حدثنا الليث عن خالد عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة، أن فاطمة عليها السلام بنت النبي ﷺ أرسلت إلى أبي بكر تسأله ميراثها من رسول الله ﷺ وسلم مما أفاء الله عليه بالمدينة وفدك وما بقي من خمس خيبر، فقال أبو بكر: إن رسول الله ﷺ وسلم قال: «لا نورث ما تركنا صدقة»، إنما يأكل آل محمد ﷺ وسلم في هذا المال وإني والله لا أغير شيئا من صدقة

(۴۲۴۰۔۴۲۴۱) ہم سے یحییٰ بن بکیر نے بیان کیا کہا ہم سے لیث بن سعد نے بیان کیا' ان سے عقیل نے' ان سے ابن شہاب نے' ان سے عروہ نے' ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ابوبکر صدیق رائٹر کے پاس کسی کو بھیجا اور اپنی میراث کا مطالبہ کیا' آنحضور ﷺ کے اس مال سے جو آپ کو اللہ تعالیٰ نے مدینہ اور فدک میں عنایت فرمایا تھا اور خیبر کا باقی ماندہ پانچواں حصہ وہ کیا تھا۔ ابوبکر رائٹر نے یہ جواب دیا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا کہ ہم پیغمبروں کا کوئی وارث نہیں ہوتا' ہم جو کچھ چھوڑ جائیں وہ سب صدقہ ہوتا ہے' البتہ آل محمد ﷺ اسی مال سے کھاتی رہے گی اور میں خدا کی قسم جو صدقہ حضور اکرم ﷺ چھوڑ گئے ہیں اس میں کسی قسم کا تغیر نہیں کروں گا' جس حال میں وہ آنحضور ﷺ کے عہد میں تھا اب بھی اسی طرح رہے گا اور اس میں (اس کی تقسیم وغیرہ) میں

visit 👉 www.sunnilibrary.com

1

فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

۱۔ فدک مالِ غنیمت میں سے ہے یا مالِ فئے میں سے؟

۲۔ مالِ فے کے حقدار کون کون ہیں؟ قرآن سے بتائیں؟

۳۔ کیا قرآن کے مطابق فدک کی حقدار ایک صرف فاطمہؓ ہیں یا کوئی اور بھی ہے؟

۴۔ فدک کے حقدار اگر رشتیدار ہیں تو رشتیدار میں صرف بی بی فاطمہؓ ہی کیوں؟ باقی رشتیداروں کا حق کیوں نہیں؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔۔۔

2 🔴 باغ فدک 🔴
تاریخی حقائق کی روشنی میں کچھہ اھم سوال👇👇

🌟 نبی پاک ﷺ نے کبھی بھی فدک کو ہبہ نہیں کیا تھا۔🌟

❇️ سن 7 ھجری نہایت عسرت اور تنگی کا دور تھا۔ خود نبی پاک ﷺ فاقے پر فاقے کرتے اور بھوک کی تکلیف سے دو دو دن تک شکم مبارک پر پتھر باندھتے ، اھل بیت کا یہ حال تھا کہ کھانے پینے کی اشیاء کو ترستے تھے ، ضروری حاجتوں کے پورا کرنے کے لیئے بھی کچھہ سرمایہ نہ رکھتے تھے۔

❇️ مہاجرین کھر بار چھوڑے ہوئے مدینے میں دوسروں کے یہاں پڑے ہوئے تھے۔

❇️ اسلام کی حالت یہ تھی کہ چاروں طرف سے دشمنوں کا ہجوم تھا اور ہر جانب سے حملہ اور لڑائی کا اندیشہ ، ہر روز جہاد کی ضرورت پیش آتی تھی اور ہر وقت دشمنوں کا کھٹکا لگا رہتا۔
اسلام کے لشکر کی تیاری اور ان کے لیئے آلات حرب و ضرب تیار کرنے کے لیئے نبی پاک ﷺ کو ہر دم فکر لگی رہتی۔

❇️ مدینے میں وفود ، ایلچی اور قاصد چاروں طرف سے چلےآتے اور ان کی مہمان داری ان کی حالت کے مطابق کرنی پڑتی اور نیز تحفے و ہدایا جو وہ لاتے اس کے موافق انہیں آپ ﷺ کو بھی دینا پڑتے اور ان اخراجات کے لیئے مسلمانوں سے مدد لینے کی ضرورت ہوتی اور اسی کام میں اعانت کرنے کے لیئے اللہ کی طرف سے رغبت دلانے والی آیتیں نازل ہوتی رہتیں ، اور مسلمان جو کچھہ استطاعت رکھتے تھے وہ اپنے حوصلے اور استطاعت کے موافق مال سے ، اثاث البیت سے ، کپڑے سے، غلے سے غرض کہ ہر طرح سے مدد کرتے یہاں تک کہ جو مفلس اور فقیر تھے وہ بھی بوقت ضرورت اپنے اوپر فاقہ کرتے اور جو کچھہ ان کے پاس کھانے کو ہوتا وہ فی سبیل اللہ نبی پاک ﷺ کے سامنے لاکر رکھہ دیتے۔

4️⃣ کیا ایسی تنکی کے زمانے میں کسی معمولی آدمی سے بھی جو کسی گروہ کی سرداری کا دعوی کرتا ہو ، اپنے گروہ کی حفاظت کا ذمہ دار ہو یہ توقع ہوسکتی ہے کہ جو کچھہ اسے ملے وہ بجائے اس کے کہ ان اغراض و مقاصد میں کام میں لائے جو اس کے پیش نظر ہوں ، اپنے رشتہ داروں کو دے دے ، اور پھر رشتیداروں میں بھی سب کے ساتھہ انصاف نہ کرے بلکہ سب کے حقوق تلف اور ضائع کر کے صرف ایک کو دے دے۔۔!!؟؟؟

3

فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

9۔ شیعہ کہتے ہیں کہ ازواج کے حجرے نبی پاک ﷺ کی ملکیت تھی جو ازواج کو ملی، سوال یہ ہے کہ ان حجروں میں بی بی فاطمہؓ کا حق تھا یا نہیں؟

10۔ اگر ان حجروں میں بی بی فاطمہؓ کا حق نہیں تھا تو کس شرعی دلیل سے؟

11۔ اگر حجروں میں بھی بی بی فاطمہؓ کا حق تھا تو تم شیعہ صرف فدک پر ہی کیوں شور مچاتے ہو؟

12۔ اگر حجروں میں بی بی فاطمہؓ کا حق تھا تو فدک میں ازواج مطہراتؓ کا حق کیوں نہیں؟

13۔ شرعی طور پر وراثت کے حقدار کون کون ہوتے ہیں اور وہ کس طرح تقسیم ہوتی ہے؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔

4

فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

14۔ بی بی فاطمۃ رضی اللہ عنہا، سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فدک مانگنے خود گئی تھیں یا کسی کو بھیجا تھا؟

15۔ سیدنا ابو بکر صدیقؓ، بی بی فاطمۃؓ کے لئے محرم تھے یا غیر محرم؟

16۔ اگر محرم تھیں تو کس رشتہ سے؟

17۔ اگر شیعہ یہ کہیں کہ ابو بکر صدیقؓ بی بی فاطمۃؓ کے نانا تھے تو سوال یہ ہے کہ نانا جیسے محترم رشتہ سے (بقول شیعہ) ناراض ہونا یہاں تک کہ بات ترک کرنا جنازے میں آنے سے روکنا بد دعا کرنا وغیرہ کی کیا شرعی حیثیت ہے؟

18۔ اور اگر سیدنا ابو بکر صدیقؓ غیر محرم تھے تو بی بی فاطمۃ رضہ جیسی باپردہ عورت جو اپنے جنازے کو بھی رات کو لے جانی کی وصیت کرے وہ ابو بکر صدیقؓ کے پاس فدک مانگنے اور اس سے مخاطب کیسے ہوئی؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔۔۔

5

فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

19۔ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بی بی فاطمۃ رضی اللہ عنہ کو کیا کہہ کر فدک دینے سے انکار کیا؟

20۔ سیدنا ابو بکر صدیقؓ کا یہ کہنا کہ "انبیاء کی وراثت نہیں ہوتی" یہ کہنا صحیح تھا یا نہیں؟

21۔ اگر انبیاء کی وراثت والی بات دوسرے صحابہؓ سے اور خود شیعہ کتابوں سے ثابت ہو تو کیا پھر بھی غلط ہے؟

22۔ کیا بی بی فاطمہؓ نے بھی سیدنا ابو بکر صدیقؓ کی اس بات کو غلط کہا تھا؟

23۔ سیدنا ابو بکر صدیقؓ نے بی بی فاطمہؓ کو فدک کا مال کس طرح خرچ کرنے کا کہا تھا؟

24۔ کیا فدک کی آمدنی سے سیدنا ابو بکر صدیقؓ بی بی فاطمہؓ یا ان کی اولاد کو خرچہ دیتے تھے؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔۔۔

Radde_Rafziyat

6 فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

25۔ بقول شیعہ کے بی بی فاطمہ رضہ سیدنا ابو بکر صدیق رضہ سے ناراض ہو گئی تھی، سوال یہ ہے کہ ناراض ہونے کی خبر خود بی بی رضہ نے دی یا کسی اور نے؟

26۔ اگر بی بی رضہ نے دی تو صحیح سند کے ساتھ ثابت کریں۔

27۔ اگر کسی اور نے دی تو اس نے بی بی فاطمہ رضہ کی بات نقل کی ہے یا اپنی طرف سے بتائی ہے؟

28۔ ناراضگی دل کی چیز ہے جب تک ناراض ہونے والا خود نہ بتائے تب تک پتہ نہیں چلتا۔ تو ناراضگی بی بی فاطمۃ رضہ سے صحیح سند کے ساتھ ثابت کریں؟

29۔ قرآن میں جنتیوں کی صفت یہ بتائی گئی ہے کہ ”غصہ کو پی جاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں“ تو بی بی فاطمہ رضہ میں یہ صفت تھی یا نہیں؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔۔۔

Radde_Rafziyat

فخر معاویہ

7

فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

30۔ کیا کسی مسلمان سے ناراض ہونا شریعت میں تین دن سے زیادہ جائز ہے؟

31۔ سیدہ فاطمہ رضہ کی وفات کے بعد ان کو کفن دفن اور جنازہ کس عورت نے تیار کیا؟

32۔ اس عورت کا سیدنا ابو بکر صدیق رضہ سے کیا رشتہ تھا؟

33۔ کیا فدک نہ دینے کی وجہ سے سیدنا علیؓ بھی سیدنا ابو بکرؓ سے ناراض تھے؟

34۔ کیا سیدنا علیؓ نے سیدنا ابو بکرؓ کی بیعت کی تھی؟

35۔ جب سیدنا علیؓ کی خلافت آئی تو سیدنا علیؓ نے بی بی فاطمۃ رضہ کے رشتیداروں کو فدک دیا کہ نہیں؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔۔۔

فخر معاویہ

Radde_Rafziyat

8

فدک کے مسئلے پر شیعہ سے سوالات

شیعہ فدک کے مسئلہ پر بہت شور مچاتے ہیں، اب ان سوالات کا جواب دیں۔

36۔ اگر سیدنا علیؓ نے بی بی فاطمہ رضہ کے رشتیداروں کو فدک دیا تو ثابت کریں؟

37۔ اگر حضرت علیؓ نے بھی فدک نہیں دیا تو ان پر کیا فتویٰ ہے؟

38۔ اگر کوئی رافضی یہ کہے کہ اہلبیت غصب شدہ مال واپس نہیں لیتے تو سوال یہ ہے کہ بقول تمہارے خلافت بھی تو سیدنا علیؓ کا حق تھا جو پہلے تین خلفاء نے چھینا تھا، تو وہ سیدنا علیؓ نے کیوں لی؟

39۔ فدک نہ دینے کی وجہ سے شیعہ سیدنا ابو بکر صدیقؓ پر اعتراض کرتے ہیں تو سیدنا علیؓ پر کیوں نہیں کرتے؟

ان سوالوں کا جواب شیعہ قرآن اور صحیح احادیث سے دیں۔۔۔

فکر معاویہ
Radde_Rafziyat

انبیاء علیہم السلام کی وراثت علم ہے۔ ایک نبی کو دوسرے نبی سے وراثت میں علم ملا۔ نا کہ کوئی مال یا جائیداد۔ روایت ملاحظہ کیجیئے۔

الشافی جلد دوم۔ کتاب الحجت صفحہ 106

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب مستطاب

الشافی

کتاب الحجۃ

خلافت رسالت نبوت امامت

ترجمہ اصول کافی جلد دوم

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ

ترجمہ

مفسر قرآن عالیجناب ادیب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

بال و منتظم جامعہ امامیہ کراچی

مصنف دو سد کتب

ناشر

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد نمبر ۲۔ کراچی

visit 👉 www.sunnilibrary.com

قَالَ: هِيَ عِنْدَنَا وِرَاثَةٌ مِنْ عِنْدِهِمْ نَقْرَؤُهَا كَمَا قَرَؤُوهَا وَنَقُولُهَا كَمَا قَالُوا، إِنَّ اللهَ لَا يَجْعَلُ حُجَّةً فِي أَرْضِهِ يُسْأَلُ عَنْ شَيْءٍ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي.

۱۔ ہشام بن الحکم سے حدیث بریہہ (عالم نصاریٰ) میں منقول ہے کہ ہشام اس کے ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ملنے چلے، راہ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، ہشام نے بریہہ کا حال بیان کیا۔ جب وہ بیان کر چکے تو امام موسیٰ کاظم نے فرمایا۔ اے بریہہ انجیل کے متعلق تیرا علم کیسا ہے اس نے کہا میں اس کا عالم ہوں فرمایا تجھے کیسے اس پر اعتماد ہے کہ جو تاویل تو بیان کرتا ہے وہ وہی ہے جو عیسیٰ نے بیان کی تھی۔ اس نے کہا میں اپنے علم پر اعتماد رکھتا ہوں پس حضرت نے انجیل پڑھنی شروع کی۔ اس نے کہا۔ آپ ہی وہ ہیں جن کو میں پچاس سال سے تلاش کر رہا تھا اس کے بعد وہ ایمان لے آیا اور اس کا ایمان اچھا تھا اور وہ عورت بھی ایمان لے آئی جو اس کے ساتھ تھی ہشام معہ بریہہ (اور اس عورت کے) امام جعفر صادق کی خدمت میں آئے اور وہ گفتگو بیان کی جو امام موسیٰ کاظم اور بریہہ کے درمیان ہوئی تھی حضرت نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ بعض کی اولاد بعض سے ہے۔ بریہہ نے کہا توریت و انجیل وغیرہ کا علم آپ کو کہاں سے حاصل ہوا۔ فرمایا وہ وراثۃً ہم کو ان سے پہنچا ہے ہم اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح وہ پڑھتے تھے اور ہم وہی کہتے ہیں جو وہ کہتے تھے خدا ایسے شخص کو اپنی حجت قرار نہیں دیتا ہے جس سے کوئی سوال کیا جائے اور وہ یہ کہہ دے کہ میں نہیں جانتا۔

۲۔ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: أَتَيْنَا بَابَ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام وَنَحْنُ نُرِيدُ الْإِذْنَ عَلَيْهِ فَسَمِعْنَاهُ يَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ لَيْسَ بِالْعَرَبِيَّةِ فَتَوَهَّمْنَا أَنَّهُ بِالسُّرْيَانِيَّةِ ثُمَّ بَكَى فَبَكَيْنَا لِبُكَائِهِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَيْنَا الْغُلَامُ فَأَذِنَ لَنَا فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقُلْتُ: أَصْلَحَكَ اللهُ أَتَيْنَاكَ نُرِيدُ الْإِذْنَ عَلَيْكَ فَسَمِعْنَاكَ تَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ لَيْسَ بِالْعَرَبِيَّةِ فَتَوَهَّمْنَا أَنَّهُ بِالسُّرْيَانِيَّةِ ثُمَّ بَكَيْتَ فَبَكَيْنَا لِبُكَائِكَ، فَقَالَ: نَعَمْ ذَكَرْتُ إِلْيَاسَ النَّبِيَّ وَكَانَ مِنْ عُبَّادِ أَنْبِيَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَقُلْتُ كَمَا كَانَ يَقُولُ فِي سُجُودِهِ، ثُمَّ انْدَفَعَ فِيهِ بِالسُّرْيَانِيَّةِ فَلَا وَاللهِ مَا رَأَيْنَا قَسًّا وَلَا جَاثَلِيقًا أَفْصَحَ لَهْجَةً مِنْهُ بِهِ ثُمَّ فَسَّرَهُ لَنَا بِالْعَرَبِيَّةِ فَقَالَ: كَانَ يَقُولُ فِي سُجُودِهِ: أَتُرَاكَ مُعَذِّبِي وَقَدْ أَظْمَأْتُ لَكَ هَوَاجِرِي، أَتُرَاكَ مُعَذِّبِي وَقَدْ عَفَّرْتُ لَكَ فِي التُّرَابِ وَجْهِي، أَتُرَاكَ مُعَذِّبِي وَقَدِ اجْتَنَبْتُ لَكَ الْمَعَاصِيَ أَتُرَاكَ مُعَذِّبِي وَقَدْ أَسْهَرْتُ لَكَ لَيْلِي، قَالَ: فَأَوْحَى اللهُ إِلَيْهِ أَنِ ارْفَعْ رَأْسَكَ فَإِنِّي غَيْرُ مُعَذِّبِكَ قَالَ: فَقَالَ: إِنْ قُلْتَ: لَا أُعَذِّبُكَ ثُمَّ عَذَّبْتَنِي مَاذَا؟ أَلَسْتُ عَبْدَكَ وَأَنْتَ رَبِّي [قَالَ]: فَأَوْحَى اللهُ إِلَيْهِ أَنِ ارْفَعْ رَأْسَكَ فَإِنِّي غَيْرُ مُعَذِّبِكَ، إِنِّي إِذَا وَعَدْتُ وَعْدًا وَفَيْتُ بِهِ.

امام جعفر صادق نے فرمایا کہ داؤد علیہ السلام وارث ہوئے علم انبیا علیہم السلام کے۔ اور سلیمان علیہ السلام وارث ہوئے داؤد علیہ السلام کے۔ اور محمد ﷺ وارث ہوئے سلیمان علیہ السلام کے۔
انبیا کا ورثہ درہم دینار زمین جائیداد نہیں ہوتا بلکہ انبیا کرام کی وراثت علم ہوتی ہے۔العلما ورثة الانبیا۔ نص قرآنی بھی موجود
الشافی جلد دوم کتاب الحجت۔ صفحہ 103

راوی کہتا ہے میں نے کہا علم (امام) کا نام ہے، فرمایا یہ وہ علم نہیں، علم وہ ہے جس کا تعلق ہر روز ہر گھڑی کے واقعات سے ہے

٤ ـ أَحْمَدُ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ شُعَيْبٍ الْحَدَّادِ عَنْ ضُرَيْسٍ الْكُنَاسِيِّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِاللهِ عليه السلام وَعِنْدَهُ أَبُو بَصِيرٍ فَقَالَ أَبُو عَبْدِاللهِ عليه السلام: إِنَّ دَاوُدَ وَرِثَ عِلْمَ الْأَنْبِيَاءِ وَإِنَّ سُلَيْمَانَ وَرِثَ دَاوُدَ وَإِنَّ مُحَمَّداً صلى الله عليه وآله وَرِثَ سُلَيْمَانَ وَإِنَّا وَرِثْنَا مُحَمَّداً صلى الله عليه وآله وَإِنَّ عِنْدَنَا صُحُفَ إِبْرَاهِيمَ وَأَلْوَاحَ مُوسَى عليهما السلام فَقَالَ أَبُو بَصِيرٍ: إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْعِلْمُ فَقَالَ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، لَيْسَ هَذَا هُوَ الْعِلْمَ، إِنَّمَا الْعِلْمُ مَا يَحْدُثُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَوْماً بِيَوْمٍ وَسَاعَةً بِسَاعَةٍ.

۴۔ راوی کہتا ہے میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ابو بصیر بھی موجود تھے حضرت نے فرمایا۔ داؤد وارث ہوئے علم انبیا کے اور سلیمان وارث ہوئے داؤد کے اور محمد وارث ہوئے سلیمان کے اور ہم وارث ہوئے حضرت محمد مصطفیٰ کے اور ان کے پاس علم تھا صحف ابراہیم اور الواح موسیٰ کا علم وہ ہے جو رات دن، روز بروز اور ساعت بڑھتا رہے۔

٥ ـ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ، عَنْ أَبِي بَصِيرٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِاللهِ عليه السلام قَالَ: قَالَ لِي: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُعْطِ الْأَنْبِيَاءَ شَيْئاً إِلَّا وَقَدْ أَعْطَاهُ مُحَمَّداً صلى الله عليه وآله، قَالَ: وَقَدْ أَعْطَى مُحَمَّداً جَمِيعَ مَا أَعْطَى الْأَنْبِيَاءَ وَعِنْدَنَا الصُّحُفُ الَّتِي قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: «صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى» قُلْتُ: جُعِلْتُ فِدَاكَ هِيَ الْأَلْوَاحُ؟ قَالَ: نَعَمْ.

۵۔ راوی نے صحف ابراہیمؑ و موسیٰؑ کے بارے میں امام باقر علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ الواح (کتاب) تھیں، آپؑ نے فرمایا۔ ہاں ایسا ہی تھا۔

٦ ـ مُحَمَّدٌ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِاللهِ عليه السلام أَنَّهُ سَأَلَهُ عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ: «وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ» مَا الزَّبُورُ وَمَا الذِّكْرُ؟ قَالَ: الذِّكْرُ عِنْدَ اللهِ وَالزَّبُورُ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَى دَاوُدَ وَكُلُّ كِتَابٍ نَزَلَ فَهُوَ عِنْدَ أَهْلِ الذِّكْرِ وَنَحْنُ هُمْ.

بسم الله الرحمن الرحيم

کتاب مستطاب

الشافی

کتاب الحجۃ

خلافت رسالت نبوت امامت

ترجمہ اصول کافی جلد دوم

حضرت ثقۃ الاسلام فخر فقہاء مولانا الشیخ محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ

ترجمہ

مفسر قرآن جامع جناب ادیب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

بانی و منتظم جامعہ امامیہ کراچی

معتمد دو صد کتب

ناشر

ذوالفقار شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد نمبر ۲۔ کراچی

visit www.sunnilibrary.com

شیعوں کی گستاخیاں

آئمہ کا بیان ہے کہ وہ آدم علیہ السلام اور تمام علمائے کرام کے علم کے وارث ہوتے ہیں۔

بصائر الدرجات جلد اول صفحہ 316

بصائر الدرجات (جلداول)

تالیف

ابو جعفر محمد بن حسن بن فروخ الصفار

متوفی (۲۹۰ھ)

مترجم

سید اقرار حسین زیدی

(ایم اے عربی۔عربی فاضل)

پبلیشر

ولایت مشن پبلیکیشنز

E-Mail-Info@wilayatmission.com

feedback@wilayatmission.com

Contact : 0346-3233151(karachi),03334570593(Lahore)

visit www.sunnilibrary.com

باب نمبر ①

ائمہؑ کا بیان کہ وہ آدمؑ اور تمام علماء کے علم کے وارث ہوتے ہیں

حدیث ① (حدثنا أبو القاسم قال حدثنا محمد بن يحيى العطار قال حدثنا محمد بن الحسن الصفار قال حدثنا) يعقوب بن يزيد عن محمد بن أبي عمير (عن ربعي عن عبد الله بن الجارود) عن الفضيل بن يسار قال سمعت أبا عبد الله ع يقول إن العلم الذي هبط مع آدم لم يرفع وإن العلم يتوارث و ما يموت منا عالم حتى يخلفه من أهله من يعلم علمه أو ما شاء الله.

فضیل بن یسار نے بیان کیا کہ میں نے ابو عبداللہ جعفر صادقؑ سے یہ کہتے ہوئے سنا: جو علم آدمؑ کے ساتھ اترا تھا اٹھایا نہیں گیا۔علم کے وارث ہوتے ہیں اور ہم میں سے جو عالم بھی فوت ہوتا ہے اُس کے اہل اس کے وارث ہوتے ہیں جو اتنا ہی علم رکھتے ہیں یا جو اللہ چاہے۔

حدیث ② حدثنا محمد بن الحسين عن أحمد بن محمد بن أبي نصر عن حماد بن عثمان عن فضيل عن أبي جعفر ع قال كانت في علي عليه السلام سنة ألف نبي و قال إن العلم الذي نزل مع آدم لم يرفع و ما مات عالم فذهب علمه وإن العلم ليتوارث إن الأرض لا تبقى بغير عالم.

امام جعفر صادق نے فرمایا کہ علماء وارث انبیاء ہیں اور انبیاء نہیں مالک ہوتے درہم و دینار کے بلکہ وہ تو وارث علم ہوتے ہیں

کتاب مستطاب الشافی ترجمہ اصول کافی جلداول ۔ صفحہ 71

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب مستطاب

الشافی

ترجمہ

اصول کافی جلد اوّل

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ ابی جعفر محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ

ترجمہ

مفسر قرآن جامع جمیع مراتب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

بالاستظم جامعہ امامیہ کراچی

مصنف دو مستدرک

ناشر

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد نمبر ۲ کراچی

visit 👉 www.sunnilibrary.com

علماء کے متعلق اور سنت قائمہ کے متعلق اور جو اس کے علاوہ ہے وہ فضول لغو ہے۔

۲۔ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عِيسَى ، عَنْ نَاجِيَةَ خَالِدٍ ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عليه السلام قَالَ : إِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ وَذَلِكَ أَنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوا دِرْهَماً وَلَا دِينَاراً وَإِنَّمَا أَوْرَثُوا أَحَادِيثَ مِنْ أَحَادِيثِهِمْ فَمَنْ أَخَذَ بِشَيْءٍ مِنْهَا فَقَدْ أَخَذَ حَظّاً وَافِراً ، فَانْظُرُوا عِلْمَكُمْ هَذَا عَمَّنْ تَأْخُذُونَهُ ؟ ، فَإِنَّ فِينَا أَهْلَ الْبَيْتِ فِي كُلِّ خَلَفٍ عُدُولاً يَنْفُونَ عَنْهُ تَحْرِيفَ الْغَالِينَ وَ انْتِحَالَ الْمُبْطِلِينَ وَ تَأْوِيلَ الْجَاهِلِينَ

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ علماء وارث انبیاء ہیں اور انبیاء نہیں مالک ہوتے درہم و دینار کے بلکہ وہ تو وارث ہوتے ہیں ان کی احادیث کے پس جس نے ان احادیث سے کچھ لے لیا۔ اس نے کافی نصیب پایا۔ پس تم اس پر نظر رکھو کہ تم اس علم کو کس سے لیتے ہو۔ بیشک ہم اہل بیت کے ہر گروہ میں ایسے عادل ہوتے ہیں جو غلو کرنے والوں کی تحریف اور باطل والوں کی تاویل اور جاہلوں کی تاویل کو دور کرتے ہیں۔

۳۔ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَشَّاءِ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عليه السلام قَالَ : إِنَّا أَرْفَقُ بِعَبِيدِنَا خُبْراً فَقْهُهُمْ فِي الدِّينِ

۳۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہم خدا کے بندوں کے ساتھ نیکی کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ان کو دین میں فقیہ بناتے ہیں۔

۴۔ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعِجْلِيِّ ، عَنْ رَجُلٍ ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ : قَالَ الْكَمَالُ كُلُّ الْكَمَالِ التَّفَقُّهُ فِي الدِّينِ وَالصَّبْرُ عَلَى النَّائِبَةِ وَتَقْدِيرُ الْمَعِيشَةِ

۴۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کمال کا کل کمال یہ ہے کہ طلب علم میں حاصل کرنے مصیبت پر صبر کرنے اور خرچ میں میانہ روی اختیار کرنے ہے۔

ابوجعفر فرماتے ہیں کہ جو علم ہمیشہ آدم علیہ السلام کے ساتھ رہا وہ اٹھایا نہیں گیا۔ علم وراثتاً چلتا رہتا ہے۔
بصائر الدرجات جلد اول صفحہ 320

بصائر الدرجات (جلداول)

تالیف

ابوجعفر محمد بن حسن بن فروخ الصفار
متوفی (۲۹۰ھ)

مترجم
سید اقرار حسین زیدی
(ایم اے عربی۔عربی فاضل)

پبلیشر
ولایت مشن پبلیکیشنز

E-Mail-Info@wilayatmission.com
feedback@wilayatmission.com
Contact : 0346-3233151(karachi),03334570593(Lahore)

visit www.sunnilibrary.com

حدیث ۴ حدثنا العباس بن معروف عن حماد بن عیسی عن حریز عن زرارة عن أبی جعفر ع(قال) إن العلم الذی لم یزل مع آدم لم یرفع و العلم یتوارث و کان علی عالم هذه الأمة و إنه لن یهلك منا عالم إلا خلفه من أهله من یعلم مثل علمه أو ما شاء الله.

زرارہ نے بیان کیا کہ امام ابوجعفر علیہ السلام نے فرمایا: جو علم ہمیشہ آدمؑ کے ساتھ رہا وہ اٹھایا نہیں گیا اور علم وراثتاً چلتا ہے علی علیہ السلام اس امت کے عالم تھے ہم میں سے کوئی عالم بھی شہید ہو جائے تو اس کے اہل سے اس کا جانشین وہ شخص ہوتا ہے جو اس جیسا عالم ہو یا جتنا اللہ چاہے۔

حدیث ۵ حدثنا العباس عن حماد بن عیسی عن حریز عن فضیل بن یسار عن أبی جعفر مثله

ہمیں عباس نے حماد بن عیسیٰ سے بیان کیا کہ حریز نے فضیل بن یسار سے بیان کیا کہ امام ابوجعفر علیہ السلام نے اسی طرح فرمایا ہے۔

حدیث ۶ حدثنا یعقوب بن یزید عن الحسن بن علی بن فضال قال حدثنا محمد بن القاسم عن أبیه عن فضیل بن یسار قال سمعت أبا جعفر ع یقول إن العلم الذی نزل مع آدم علی حاله و لیس یمحی منا عالم إلا خلفه من یعلم علمه (و) کان علی عالم هذه الأمة.

فضیل بن یسار نے بیان کیا کہ میں نے امام ابوجعفر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: وہ علم جو آدمؑ کے ساتھ اترا وہ اپنے حال پر ہے اور ہم میں سے جو عالم بھی یہاں سے جاتا ہے اس کے پیچھے اس کا خلیفہ وہ شخص بنتا ہے جو اس جیسا عالم ہو اور علیؑ اس امت کے عالم تھے۔

حدیث نبوی ﷺ، ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے سماعت کی منزلت پر ہیں، اور عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے بصارت کی منزلت پر ہیں، عثمان رضی اللہ عنہ مجھ سے قوت قلب کی منزلت پر ہیں

شیعہ کتاب معانی الاخبار جلد 2 پیج 436.

خاک کو اڑایا) سے لیا گیا ہو۔ جس کا مضارع "نسفیہ" ہوتا اور سفی۔ مقصور حالت میں۔ اور سفاء۔ ممدود حالت میں۔ جس کے معنی ہیں جبل۔

۲۱۔ میرے والد۔ رحمہ اللہ۔ نے کہا کہ ہم سے بیان کیا علی بن ابراہیم بن ہاشم نے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے محمد بن ابی عمیر سے، انہوں نے حفص بن بختری سے، انہوں نے ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے آپ علیہ السلام نے فرمایا: "جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج پر گئے اور نماز کا وقت آیا تو جبرائیل علیہ السلام نے اذان دی۔ جب انہوں نے اللہ اکبر، اللہ اکبر کہا تو فرشتوں نے (بھی) کہا: اللہ اکبر، اللہ اکبر اور جب انہوں نے کہا: اشہد ان لا الہ الا اللہ تو فرشتوں نے بھی کہا: (پروردگار) نظیر و مشابہ سے پاک ہے اور جب جبرئیل نے کہا: اشہد ان محمداً رسول اللہ تو فرشتوں نے کہا: نبی مبعوث ہے۔ اور جب انہوں نے کہا: حیّ علی الصلاۃ تو فرشتوں نے کہا: اپنے رب کی عبادت پر آمادہ ہو جاؤ اور جب انہوں نے کہا: حیّ علی الفلاح تو فرشتوں نے کہا: کامیاب ہوا وہ کہ جس نے آنجنابؐ کی پیروی کی۔"

۲۲۔ ہم سے بیان کیا ابوعبداللہ حسین بن ابراہیم بن احمد بن ہاشم مکتب نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا محمد بن جعفر اسدی ابو حسین کوفی نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا محمد بن اسماعیل برمکی نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا جعفر بن عبداللہ مروزی نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا میرے والد نے، انہوں نے اسماعیل بن فضل ہاشمی سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے سعید بن جبیر سے، انہوں نے ابن عباس سے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جب عیون عین پر ظلم کریں۔ عین کا قتل ہونا عیون کے چوتھے ہاتھ پر ہوگا اور جب ایسا ہو تو اس کی مدد نہ کرنے والا اللہ، ملائکہ اور تمام لوگوں کی لعنت کا مستحق ہوگا۔" تو عرض کی گئی: یا رسول اللہ! عین اور عیون کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "عین میرا بھائی علیؑ بن ابوطالب ہے اور عیون اس کے دشمن ہیں۔ ان کا چوتھا اسے ظلم اور دشمنی سے قتل کرنے والا ہے۔

۲۳۔ ہم سے بیان کیا ابوقاسم علی بن احمد بن موسیٰ بن عمران دقاق نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا محمد بن ابوعبداللہ کوفی نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا سہل بن زیاد آدمی نے، انہوں نے عبدالعظیم بن عبداللہ حسنی سے، انہوں نے کہا کہ مجھ سے بیان کیا میرے سردار علی بن محمد بن علی رضا امام نقی (علیہم السلام) نے، آپؑ نے اپنے پدر بزرگوار علیہ السلام سے، آپؑ نے اپنے آباء طاہرین علیہم السلام سے، ان بزرگواروں نے حسن بن علی علیہما السلام سے کہ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ابوبکر مجھ سے سماعت کی منزلت پر ہے اور عمر مجھ سے بصارت کی منزلت پر ہے اور عثمان مجھ سے قوت قلب کی منزلت پر ہے۔" امام حسن علیہ السلام فرماتے ہے: جب دوسرا دن ہوا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں گیا جبکہ امیرالمومنین علیہ السلام، ابوبکر، عمر اور عثمان انکے پاس تھے۔ تو میں نے عرض کی: بابا جان میں نے آپ کو ان اصحاب کے بارے میں یہ قول فرماتے سنا ہے تو اس کے کیا معنی ہیں؟ تو آپؑ نے فرمایا: "ہاں" پھر اپنے دست مبارک سے

معانی الاخبار

شیخ الصدوق

www.sunnilibrary.com
https://www.youtube.com/channel/UCKkLrPGvly4aAAZL_ni3L9Q

AL-KISA PUBLISHERS
Postal Code: 75850, office R-159, Sector 5-B/2
North Karachi, Karachi. Pakistan
Contact @ +92 21 36968421, +92 300 2406150
Email: al-kisa@hotmail.com
ISBN
978-969-9605-06-2

نبی ﷺ کا فرمان کہ میرے معبود میرے خلفإ پر رحم فرما۔ یہ الفاظ تین مرتبہ دہرائے رسول ﷺ نے۔ پوچھا گیا کہ آپکے خلفإ کون ہیں؟ فرمایا جو میرے بعد آئینگے میری حدیث اور سنت کو روایت دینگے۔

معانی الاخبار جلد دوم صفحہ 424. 425.

(۴۲۴) ☆خوف اور طمع کے معنی☆

۱۔ہم سے بیان کیا محمد بن ابراہیم بن اسحاق۔ رضی اللہ عنہ۔ نے، انہوں نے کہا کہ ہمیں خبر دی احمد بن محمد بن سعید ہمدانی نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا علی بن حسن بن فضال نے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے کہا کہ امام رضا علیہ السلام نے اللہ عزوجل کے فرمان: "هو الذی یریکم البرق خوفاً وطمعاً" [وہی خدا ہے جو تمہیں (تمہارے) خوف اور طمع کی حالت میں بجلیاں دکھاتا ہے] (سورۂ رعد: آیت-۱۲) کے سلسلے میں ارشاد فرمایا: "خوف کی حالت مسافر کے لئے اور طمع کی حالت اقامت پذیر کے لئے ہے۔"

(۴۲۵) ☆اس نیکی کے معنی جو بندہ کو جنت میں داخل کراتی ہے☆

۱۔ہم سے بیان کیا محمد بن علی ماجیلویہ۔ رضی اللہ عنہ۔ نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا علی بن ابراہیم بن ہاشم نے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے داود بن سلیمان سے، انہوں نے علی بن موسیٰ الرضا علیہما السلام سے، انہوں نے امام صادق علیہ السلام سے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: "اللہ عزوجل نے داود علیہ السلام کی جانب وحی فرمائی: بیشک میرے بندوں میں سے کوئی بندہ یقیناً میرے پاس ایک نیکی لے کر آئے گا تو میں اسے جنت میں داخل کروں گا۔ عرض کیا: میرے پروردگار! یہ کونسی نیکی ہے؟ فرمایا: وہ مومن کو اس کی پریشانی اور سختی میں کشادگی اور آسانی دے، اگرچہ ایک کھجور کے بدلے ہو، تو داود علیہ السلام نے عرض کیا: حق ظاہر ہو گیا ہے اس شخص پر جو تیری معرفت رکھتا ہے کہ تجھ سے اپنی امید کو منقطع نہیں کرتا۔"

(۴۲۶) ☆نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین دفعہ: میرے معبود! میرے خلفاء پر رحم فرما۔ فرمانے کے معنی☆

۱۔ہم سے بیان کیا میرے والد۔ رحمہ اللہ۔ نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا علی بن ابراہیم بن ہاشم نے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے حسین بن یزید نوفلی سے، انہوں نے علی بن داود یعقوبی سے، انہوں نے عیسیٰ بن عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب علیہ السلام سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے جد سے، انہوں نے علی بن ابی طالب علیہما السلام سے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے معبود! میرے خلفاء پر رحم فرما، میرے معبود! میرے خلفاء پر رحم فرما، میرے معبود! میرے خلفاء پر رحم فرما" آپؐ سے عرض کیا گیا: یا رسول اللہؐ! آپؐ کے خلفاء کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جو میرے بعد

آئیں گے میری حدیث اور سنت کو روایت کریں گے۔"

(۴۲۷) ☆کامل خوراک کے معنی☆

۱۔ہم سے بیان کیا محمد بن موسیٰ بن متوکل۔ رضی اللہ عنہ۔ نے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا علی بن ابراہیم بن ہاشم نے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے عبداللہ بن مغیرہ سے، انہوں نے اسماعیل بن مسلم سکونی سے، انہوں نے جعفر بن محمد علیہما السلام سے، آپؑ نے اپنے پدر بزرگوار علیہ السلام سے، آپؑ نے اپنے آباء طاہرین علیہم السلام سے، ان بزرگواروں نے علی علیہ السلام سے کہ فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خوراک میں جب چار خصلتیں جمع ہوں جائیں تو وہ یقیناً کامل ہو جاتی ہے: جب وہ حلال میں سے ہو، اس پر (کھانے کے لئے بڑھنے والے) ہاتھ زیادہ ہوں، اس کے شروع میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا نام لیا گیا ہو اور اس کے اختتام پر اللہ کی حمد کی گئی ہو۔"

(۴۲۸) ☆اس تحریر کے معنی جو ام سلمیٰؓ نے عائشہؓ کی جانب لکھا جب انہوں نے بصرہ کی طرف خروج کا ارادہ کیا☆

۱۔ہم سے بیان کیا محمد بن علی ماجیلویہ۔ رضی اللہ عنہ۔ نے، انہوں نے کہا کہ مجھ سے بیان کیا میرے چچا محمد بن ابی قاسم نے، انہوں نے محمد بن علی صیرفی قرشی کوفی سے، انہوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا نصر بن مزاحم مقری نے، انہوں نے عمر بن سعد سے، انہوں نے ابو مخنف لوط بن یحییٰ سے، انہوں نے عقبہ ازدی سے، انہوں نے ابو الحسن ارحبی سے، انہوں نے کہا کہ جب عائشہؓ نے بصرہ کی طرف خروج کا ارادہ کیا تو ان کی طرف نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلیہ ام سلمیٰ۔ رضی اللہ عنہا۔ نے لکھا: اما بعد فانک سدة بین رسول اللہ (ص) و بین امته و حجابه المضروب علی حرمته و قد جمع القران ذیلک فلا تندحیه و سکن عقیراک فلا تصحریها، (ان) اللہ من وراء هذه الامة، قد علم رسول اللہ (ص) مکانک لو اراد ان یهدالیک لفعل، و لقد عهد، فاحفظنی ما عهد فلا تخالفنی فیخالف بک، واذکری قوله علیه السلام فی نباح الکلاب بحواب، و قوله (ما للنساء والغزو؟) و

معانی الاخبار
شیخ الصدوق
www.sunnilibrary.com
https://www.youtube.com/channel/UCKkLrPGviy4aAAZL

AL-KISA PUBLISHERS
Postal Code: 75850, office R-159, Sector 5-B/2
North Karachi, Karachi, Pakistan
Contact @ +92 21 36968621, +92 300 2406150
Email: al-kisa@hotmail.com
ISBN
978-969-9605-06-2



فائدہ: جس وقت علم اور علماء نہیں رہیں گے تو جہالت عام ہوگی۔ اس وقت گفتگو کا دارومدار صرف ظن و تخمین پر ہوگا۔ ایسے لوگوں کی زبانوں پر جھوٹ جلدی جاری ہوتا ہے۔ جب کسی کو قرآن و حدیث کا علم نہیں ہوگا تو اپنے گمان سے فیصلے کرے گا، اس طرح علم فرائض بھی ان کی بھینٹ چڑھ جائے گا۔

(۳) بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: «لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ»

باب 3- نبی ﷺ کے ارشاد: "ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا، ہمارا ترکہ صدقہ ہوتا ہے" کا بیان

٦٧٢٥ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ فَاطِمَةَ وَالْعَبَّاسَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ أَتَيَا أَبَا بَكْرٍ يَلْتَمِسَانِ مِيرَاثَهُمَا مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَهُمَا حِينَئِذٍ يَطْلُبَانِ أَرْضَيْهِمَا مِنْ فَدَكٍ وَسَهْمَهُمَا مِنْ خَيْبَرَ. (راجع: ٢٠٩٢)

(6725) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سیدہ فاطمہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، وہ رسول اللہ ﷺ کے ترکے سے اپنا وراثتی حصہ طلب کرتے تھے، یعنی یہ دونوں فدک کی زمین اور خیبر سے اپنے حصے کا مطالبہ کرتے تھے۔

٦٧٢٦ - فَقَالَ لَهُمَا أَبُو بَكْرٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: «لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ هَذَا الْمَالِ». قَالَ أَبُو

(6726) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے، آپ نے فرمایا: "ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا، جو کچھ ہم چھوڑیں وہ سب صدقہ ہے۔"

١ فتح الباري: ١٢/٢

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

99- كتاب الفرائض

192

بَكْرٍ: وَاللهِ لَا أَدَعُ أَمْرًا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَصْنَعُهُ فِيهِ إِلَّا صَنَعْتُهُ، قَالَ: فَهَجَرَتْهُ فَاطِمَةُ، فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتَّى مَاتَتْ. (راجع: ٢٠٩٣)

بلاشبہ حضرت محمد ﷺ کے اہل خانہ صرف اسی مال میں سے اپنے اخراجات پورے کریں گے۔" حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مزید کہا: اللہ کی قسم! میں کوئی ایسی بات نہیں ہونے دوں گا بلکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کام کرتے دیکھا میں بھی وہی کچھ کروں گا۔ اس وضاحت کے بعد سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے مفارقت اختیار کر لی اور اپنی موت تک ان سے کلام نہ کیا۔

٦٧٢٧ - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: «لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ». (راجع: ١٠٢١)

(6727) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ہمارا کوئی وارث نہیں بن سکتا، ہم جو کچھ بھی چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔"

Imagitor

اسد علی

أحاديث: 6412 — 7563

كتاب الرقاق — كتاب التوحيد

صحیح بخاری (اردو)

6

تالیف

امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ

جب کوئی مرد بیان دیتا ہے تو لفظ "قال" آتا ہے۔ "مذکر" اور جب کوئی عورت بیان دیتی ہے تو لفظ "قالت" آتا ہے۔ "مونث" بخاری و مسلم کی اس روایت میں متفقہ طور پہ لفظ "قال" آیا ہے۔ مطلب سیدہ فاطمہؓ کے ناراض ہونے کی روایت حدیث کا حصہ نہیں بلکہ ادراج ہے۔

کیونکہ حدیث کی راویہ سیدہ عائشہؓ ہیں حدیث بس یہیں تک ختم ہو رہی ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے حدیث رسولؐ بیان کر دی۔

Imagitor

انبیاء علیہم السلام ایک دوسرے کے علوم کے وارث رہے۔
یعنی علمی وراثت انبیاء کرام کو منتقل ہوتی رہی۔ ایک
دوسرے سے۔ نا کہ کوئی مال یا جائداد۔
روایت ملاحظہ کیجیئے۔
الشافی جلد دوم کتاب الحجت صفحہ 104.105

